03جون2019ء

عیدالفطر2019ءکے موقع پرنئے کرنسی نوٹوں کااجرا

بینک دولت پاکستان نے اپنے ذیلی ادارے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے16 فیلڈ دفاتر کے ذریعے مجموعی طور پر 360ارب روپے کے نئے کرنسی نوٹ فراہم کیے جن میں عیدالفطر کے موقع پر عوام کو براہ راست فراہم کیے گئے 100روپے اور اس سے کم مالیتوں کے 61ارب روپے کے نئے کرنسی نوٹ بھی شامل ہیں، جو بینکوں کے کیش کاؤنٹرز اور ایس ایم ایس سروس(8877) کے ذریعے عوام کو رمضان المبارک کے دوران فراہم کیے گئے۔

61ارب روپے میں سے 54ارب روپے ایس ایم ایس سروس کے ذریعے جاری کیے گئے۔ یہ سہولت 142 شہروں میں کمرشل بینکوں کی 1700 سے زائد برانچوں اور ایس بی پی بی ایس سی کے 16 فیلڈ دفاتر پر دستیاب تھی۔ اس سروس سے عیدالفطر سے قبل 30لاکھ سے زائد افراد نے استفادہ کیا۔

بینک دولت پاکستان نے بینکوں کو بھی کافی مقدار میں بلند مالیتوں کے نئے کرنسی نوٹ جاری کیے ہیں تاکہ عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران اے ٹی ایمز کے آپریشنز اور ان میں نقدر قوم کی دستیابی مؤثر طور پر جاری رہے۔ اس مقصد کے لیے اسٹیٹ بینک اور ایس بی پی بی ایس سی کے اہلکاروں پر مشتمل خصوصی ٹیمیں پاکستان بھر میں اے ٹی ایمز کا معائنہ اور نگرانی کرتی رہیں گی تاکہ عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران عوام کو نقدر قوم کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊❊